25cm x 4col (14.6cm) Urdu

بینک دولت پاکستان

اطلاع عام

غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس

بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962ء کی دفعہ 31 کے تحت برقرار رکھے گئے غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس

پاکستانی کرنسی یا کسی بھی دیگر کرنسی میں کوئی واجب الادا قرض جو کسی ڈپازٹ کی بنا پر ایک بینکنگ کمپنی کی جانب سے واجب الادا ہو اور جو کسی ایسے کھاتے کی صورت میں ہو جس پر پندرہ سال کے دوران کوئی لین دین نہیں ہوا اور نہ ہی مدعی کی طرف سے کھاتے کی تفصیلات طلب یا تسلیم کی گئیں ہوں، ''غیر دعویٰ شدہ رقوم'' کے زمرے میں آتا ہے البتہ ایسے کھاتے نابالغ افراد، حکومت یا کسی عدالت کے نام پر نہ ہوں۔ ان رقوم میں ہر قسم کے ڈپازٹ، ڈرافٹس، بل آف ایکسچینج اور مالی دستاویزات وغیرہ اور وفاقی/صوبائی حکومتوں کے حق میں جاری کیے گئے مالی دستاویزات بھی شامل ہیں۔

قابل اطلاق ضوابط کے مطابق بینک/ڈویلپمنٹ فنانس انسٹیٹیوشن (DFIs) اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کے حوالے کیے جو کہ درج ذیل ہیں:

- 31 دسمبر 2023ء تک: 10سال سے اکاؤنٹ کی غیر فعالیت کے ساتھ غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس
- 31 دسمبر 2024ء تک: بینکنگ کمپنیز (ترمیمی) ایکٹ، 2024ء کے ذریعے 15سال سے اکاؤنٹ کی غیر فعالیت کے ساتھ غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس

اسٹیٹ بینک آف پاکستان عام لوگوں کے مفاد کے لیے بینکوں/ڈویلپمنٹ فنانس انسٹیٹیوشن (DFIs) کے ذریعے تحویل میں دئے گئے غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس کے متعلق معلومات تک مکمل رسائی فراہم کر رہا ہے۔ بینک/ڈویلپمنٹ فنانس انسٹیٹیوشن (DFIs) کے ذریعے بتائے گئے غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس کی سالانہ فہرست درج ذیل جگہوں سے حاصل کی جا سکتی ہے:

1. اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ویب سائٹ (https://www.sbp.org.pk/cpd/cpd-year.asp)۔
2. اسٹیٹ بینک کے فیلڈ دفاتر: کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، اسلام آباد، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان، سیالکوٹ، بہاولپور، گوجرانوالہ، حیدرآباد، سکھر، ڈیرہ اسماعیل خان اور مظفرآباد میں قائم دفاتر۔
3. بینکوں/ڈویلپمنٹ فنانس انسٹیٹیوشن (DFIs) کی تمام برانچز بشمول ہیڈ آفس۔
4. متعلقہ بینک/ڈویلپمنٹ فنانس انسٹیٹیوشن (DFIs) کی ویب سائٹس۔

دعوے دار اپنے دعویٰ کے لیے اس بینک کی شاخ سے رجوع کریں جہاں کھاتا کھولا گیا تھا یا مالی دستاویز قابلِ ادا تھی۔ اگر متعلقہ شاخ بند/منتقل ہوگئی ہو تو بینک کی قریبی شاخ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔
اس طرح، اگر بینک کسی دوسرے بینک میں ضم ہو چکا ہو تو نئے بینک کی قریبی شاخ سے دعوے کا عمل شروع کیا جا سکتا ہے۔

اسٹیٹ بینک کی جانب سے بینکوں کے انضمام/حصول کے حوالے سے جاری کردہ تفصیلات/نوٹیفکیشن درج ذیل لنک پر دستیاب ہیں:

https://www.sbp.org.pk/notifications/bpd/index.htm

غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس کی واپسی بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962ء کی دفعہ 31 کی تعمیل سے مشروط ہوگی۔

مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں:

ڈائریکٹر کرنسی اینڈ اکاؤنٹس ڈیپارٹمنٹ
ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن، ہیڈ آفس، کراچی۔

فون: 99221122-(021)

فیکس: 99221123-(021)

PID(K)0000/25